# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON LAW AND JUSTICE ON THE CONSTITUTION (AMENDMENT) BILL, 2020

I, Chairman of the Standing Committee on Law and Justice, have the honour to present this report on the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2020] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 14th July, 2020.

2. The Committee comprises the following:-

| | | |
|---|---|---|
| **1.** | **Mr. Riaz Fatyana** | **Chairman** |
| **2.** | Mr. Atta Ullah | Member |
| **3.** | Mr. Lal Chand | Member |
| **4.** | Mr. Muhammad Farooq Azam Malik | Member |
| **5.** | Ms. Kishwer Zehra | Member |
| **6.** | Ms. Maleeka Ali Bokhari | Member |
| **7.** | Mr. Muhammad Sana Ullah Khan Masti Khel | Member |
| **8.** | Malik Muhammad Ehsan Ullah Tiwana | Member |
| **9.** | Agha Hassan Baloch | Member |
| **10.** | Mr. Junaid Akbar | Member |
| **11.** | Ms. Shunila Ruth | Member |
| **12.** | Mr.Mohsin Nawaz Ranjha | Member |
| **13.** | Rana Sana Ullah Khan | Member |
| **14.** | Ch. Mehmood Bashir Virk | Member |
| **15.** | Mr. Usman Ibrahim | Member |
| **16.** | Khawaja Saad Rafique | Member |
| **17.** | Syed Hussain Tariq | Member |
| **18.** | Syed Naveed Qamar | Member |
| **19.** | Dr. Nafisa Shah | Member |
| **20.** | Ms. Aliya Kamran | Member |
| **21.** | Barrister Dr. Muhammad Farogh Naseem<br>Minister for Law and Justice | Ex-officio Member |

**3.** The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at (Annex-A), in its meetings held on 22nd September 2020, 5th May 2021, and 3rd June 2021. The Committee recommended that the Bill may not be passed by the National Assembly.

Sd/-
**TAHIR HUSSAIN**
Secretary
Islamabad, the 9th June 2021

Sd/-
**(RIAZ FATYANA)**
Chairman

ANNEX

# [AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

**BILL**

further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan

WHEREAS, it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**– (1) This Act may be called the Constitution (Amendment) Act, 2020.

(2) It shall come into force at once.

2. **Insertion of new Article 259A, in the Constitution .-** In the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, after Article 259,the following new Article shall be inserted, namely:-

"**259A. National Commission for Farmers.-** (1) There shall be Commission for the Farmers to be known as the National Commission for Farmers.

(2) The Commission shall consist of a Chairperson and one member from all provinces, who shall be farmers and the conditions of service and tenure of office of the Chairperson and Members so appointed shall be such as the President may by rules determine.

(3) The Federal Government shall in consultation of the Commission determine the nature and categories of the officers and other employees required to assist the Commission in the discharge of its functions.

(4) The Chairperson and members of the Commission shall be appointed by the President.

(5) The Commission shall have the power to regulate its own procedure.

(6) It shall be the duty of the Commission.-

(a) to investigate and monitor all matters relating to the safeguards provided for the farmers under this Constitution or under any other law for the time being in force or under any order of the Government or any scheme implemented by the Government and to evaluate the working of such safeguards and schemes;

-A

(b) to inquire into specific complaints with respect to the deprivation of the rights and benefits of the schemes of the government;

(c) to participate and advise on the socio-economic development of the farmers and to evaluate the progress of their development under federal, provincial and other governments;

(d) to present to the president, annually and at such other times as the Commission may deem fit, reports upon the working of the safeguards and schemes;

(e) to make recommendations as to the measures that should be taken by the federal and provincial governments for the effective implementation of those safeguards and other measures for the protection, welfare and socioeconomic development of the farmers; and

(f) to discharge such other functions in relation to the protection, welfare, development and advancement of the farmers as the President may, subject to the provisions of any law made by Parliament, by rule specify.

(7) The President shall cause all such reports to be laid before each House of Parliament along with a memorandum explaining the action taken or proposed to be taken on the recommendations relating to the Federal and other governments and the reasons for the non-acceptance, if any, of such recommendations.

(8) Where any such report, or any part thereof, relates to any matter with which any provincial Government is concerned, a copy of such report shall be forwarded to the Governor of the province who shall cause it to be laid before the Provincial Assembly along with a memorandum explaining the action taken or proposed to be taken on the recommendations relating to the Province and the reasons for the non-acceptance, if any, of any such recommendations.

(9) The Commission shall, while investigating any matter referred to in paragraph (a) of clause (6) of this Article or inquiring into any complaint referred to in paragraph (b) of clause (6) of this Article have all the powers of a civil court trying a suit and in particular in respect of the following matters, namely: —

(a) summoning and enforcing the attendance of any person from any part of Pakistan and examining him on oath;

(b) requiring the discovery and production of any document;

(c) receiving evidence on affidavits;

(d) requisition any public record or copy thereof from any court or office;

(e) issuing commissions for the examination of witnesses and documents; and

(f) any other matter which the President may, by rule, determine.

(10) The Federal and Provincial Governments shall consult the Commission on all major policy matters affecting farmers.

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

Agriculture, with its allied sectors, is the largest source of livelihood in Pakistan. A large percentage of Pakistan's rural households still depend primarily on agriculture for their livelihood. However, agriculture sector of the country has been facing serious issues. It is therefore, has become imperative to have a permanent commission for farmers. This Commission shall have the work of monitoring the existing safeguards, make recommendations as to the measures that should be taken by the Federal and Provincial governments for their implementation, inquire into specific complaints of the farmers amongst others.

**Sd-**

**CHOUDHARY FAQIR AHMAD**
**Member, National Assembly**

منسلکہ "الف"

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

**اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا**

**بل**

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا دستور (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۰ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **دستور کے آرٹیکل ۲۵۹/الف شامل کرنا:** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں، آرٹیکل ۲۵۹ کے بعد حسب ذیل نیا آرٹیکل شامل کیا جائے گا، یعنی:۔

**"۲۵۹/الف:** (۱) کمیشن برائے کاشتکار قومی کمیشن برائے کاشتکار کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) کمیشن ایک چیئرپرسن اور تمام صوبوں سے ایک ایک رکن پر مشتمل ہوگا جو کہ کاشتکار ہوں گے اور تقرر کردہ چیئرپرسن اور اراکین کی خدمات کی شرائط اور عہدے کی مدت صدر کی جانب سے تعین کردہ قواعد کے مطابق ہوگی۔

(۳) وفاقی حکومت کمیشن کی مشاورت سے کمیشن کی اس کے کارہائے منصبی کی بجاآوری میں معاونت کے لئے درکار افسران اور دیگر ملازمین کی نوعیت اور کیٹیگریز کا تعین کرے گی۔

(۴) کمیشن کے چیئرپرسن اور اراکین کا تقرر صدر کی جانب سے کیا جائے گا۔

(۵) کمیشن کو اپنے طریق کار منضبط کرنے کا اختیار ہوگا۔

(۶) کمیشن کے حسب ذیل فرائض ہوں گے:۔

(الف) دستور ہذا یا فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون یا حکومت کے کسی حکم یا حکومت کی جانب سے عملدرآمد کردہ کسی اسکیم کے تحت کسانوں کو فراہم کردہ تحفظ سے متعلق تمام معاملات کی تفتیش اور نگرانی کرنا اور ایسے تحفظ اور اسکیموں کے امور کا جائزہ لینا؛

(ب) حکومت کی اسکیموں اور فوائد سے محروم رہنے کے ضمن میں مخصوص شکایات کی تحقیقات کرنا؛

(ج) کسانوں کی سماجی و اقتصادی ترقی میں حصہ لینے اور انہیں مشورے دینے اور وفاقی، صوبائی اور دیگر حکومتوں کے تحت ان کی ترقی کی پیش رفت کا جائزہ لینا؛

(د) صدر کو پیش کرنے کے لئے، سالانہ اور اس طرح کے دیگر اوقات میں، جیسے کمیشن بہتر سمجھے، ان حفاظتی اقدامات کی اسکیموں کے کام کے بارے میں رپورٹ پیش کرنا؛

(ہ) ایسی رپورٹوں میں سفارش پیش کرنا کہ کاشتکاروں کے تحفظ، فلاح و بہبود اور سماجی اقتصادی ترقی کے لئے ان حفاظتی اقدامات کو مؤثر انداز میں نافذ کرنے کے لئے وفاقی اور دیگر حکومتوں کو مناسب اقدامات کرنے چاہئیں؛ نیز

(و) کاشتکاروں کے تحفظ، بہبود، ترقی سے متعلق ایسے دیگر فرائض منصبی ادا کرنے کے لئے جیسے کہ صدر پارلیمنٹ کی جانب سے وضع کئے گئے کسی قانون کی تصریحات کے مطابق قاعدہ کی صراحت کر سکتا ہے۔

(۷) صدر پارلیمنٹ کے ہر ایوان میں پیش کی جانے والی جملہ رپورٹیں مع وفاقی اور دیگر حکومتوں سے متعلق سفارشات پر کی گئی یا تجویز کی گئی کارروائی اور ایسی سفارشات کی عدم قبولیت، اگر کوئی ہو، کی وجوہات کے بارے میں وضاحتی یادداشت بروئے کارلائے گا۔

(۸) جہاں ایسی کوئی رپورٹ، یا اس کا کوئی حصہ، کسی معاملے سے متعلق ہو جس سے کسی دیگر حکومت کا تعلق ہو، اس رپورٹ کی ایک نقل صوبے کے گورنر کو ارسال کی جائے گی، جو اس کو ایک یادداشت، جس میں صوبہ سے متعلق کی گئی سفارشات پر کی گئی یا تجویز کی گئی کارروائی کی وضاحت کی گئی ہو اور ایسی سفارشات کی عدم قبولیت، اگر کوئی ہو، کی وجوہات بیان کی جائیں، کے ساتھ صوبائی اسمبلی کو ارسال کرے گا۔

(۹) کمیشن اس آرٹیکل کی شق (۲) کے پیرا (الف) میں محولہ کسی معاملہ کی تفتیش کرتے وقت یا اس آرٹیکل کی شق (۲) کے پیرا (ب) میں محولہ کسی شکایت کی تحقیقات کرتے وقت کسی مقدمہ کی سماعت کرنے والی اور بالخصوص حسب ذیل معاملات میں دیوانی عدالت کے تمام اختیارات کا حامل ہو گا، یعنی:۔

(الف) پاکستان کے کسی حصہ سے کسی بھی شخص کو طلب کرنا اور اس کی حاضری کو حتمایقینی بنانا اور حلف پر اس پر جرح کرنا؛

(ب) کسی دستاویز کو ظاہر کرنے اور پیش کرنے کے عمل کو یقینی بنانا؛

(ج) حلف ناموں پر شہادت ر گواہی لینا؛

(د) کسی عدالت یا دفتر سے سرکاری ریکارڈ یا اس کی نقل طلب کرنا؛

(ہ) شہادتوں اور دستاویزات کے معائنے کے لئے کمیشن کے اجراء؛ اور

(و) دیگر کوئی معاملہ جس کا صدر قاعدہ کے ذریعے تعین کر سکتا ہے۔

(۱۰) وفاقی اور صوبائی حکومتیں کاشتکاروں کو متاثر کرنے والے اہم تمام پالیسی معاملات پر کمیشن سے مشاورت کریں گے۔

## بیان اغراض ووجوہ

زراعت اپنے اتحادی شعبہ جات کے ساتھ پاکستان میں روزی کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ پاکستان کے دیہی گھرانوں کا بڑا تناسب اپنی روزی کے لئے ابھی تک زراعت پر انحصار کرتا ہے۔ تاہم ملک میں زراعت کے شعبہ کو سنجیدہ مسائل درپیش ہیں۔ چنانچہ کاشتکاروں کے لئے مستقل کمیشن کا قیام ناگزیر ہو چکا ہے۔ یہ کمیشن موجودہ حفاظتی اقدامات کی نگرانی کرے گا۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے عملدرآمد کرانے، دیگر کے مابین کاشتکاروں کی مخصوص شکایات کی تفتیش کرنے کی بابت اقدامات کے طور پر سفارشات مرتب کرے گا۔

دستخط/۔
چوہدری فقیر احمد،
رکن، قومی اسمبلی

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۰ء پر قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف کی رپورٹ

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون و انصاف ۱۴ر جولائی، ۲۰۲۰ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل[دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۰ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:-

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | جناب ریاض فتیانہ | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب عطاء اللہ | رکن |
| ۳۔ | جناب لال چند | رکن |
| ۴۔ | جناب محمد فاروق اعظم ملک | رکن |
| ۵۔ | محترمہ کشور زہرا | رکن |
| ۶۔ | محترمہ ملیکہ علی بخاری | رکن |
| ۷۔ | جناب محمد ثناء اللہ خان مستی خیل | رکن |
| ۸۔ | ملک محمد احسان اللہ ٹوانہ | رکن |
| ۹۔ | آغا حسن بلوچ | رکن |
| ۱۰۔ | جناب شیر علی ارباب | رکن |
| ۱۱۔ | محترمہ شنیلہ روت | رکن |
| ۱۲۔ | جناب سعد وسیم | رکن |
| ۱۳۔ | رانا ثناء اللہ خان | رکن |
| ۱۴۔ | چوہدری محمود بشیر ورک | رکن |
| ۱۵۔ | جناب عثمان ابراہیم | رکن |
| ۱۶۔ | خواجہ سعد رفیق | رکن |
| ۱۷۔ | سید حسین طارق | رکن |
| ۱۸۔ | سید نوید قمر | رکن |
| ۱۹۔ | ڈاکٹر نفیسہ شاہ | رکن |
| ۲۰۔ | محترمہ عالیہ کامران | رکن |
| ۲۱۔ | بیرسٹر ڈاکٹر محمد فروغ نسیم<br>وزیر برائے قانون وانصاف | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے اپنے اجلاسوں منعقدہ ۲۲ر ستمبر، ۲۰۲۰ء، ۵ر مئی، ۲۰۲۱ء، اور ۳ر جون، ۲۰۲۱ء کو (منسلکہ۔ الف) کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی نے سفارش کی کہ قومی اسمبلی بل کی منظوری نہ دے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری
اسلام آباد، ۱۲ر مارچ، ۲۰۲۰ء

دستخط/۔
(ریاض فتیانہ)
چیئرمین